**PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT**

# National Agromet Center

**H-8/2, Islamabad**

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368


# جنوری تا مارچ ۲۰۲۵ کے لیے متوقع موسمی صورتحال اور زرعی مشورے

## مختصر تعارف


پاکستان محکمہ موسمیات ہر ماہ کے آخر میں عالمی موسمیاتی ماڈلز کا استعمال کرتے ہوئے ماہانہ اور طویل مدتی موسمی پیشن گوئی جاری کرتا ہے۔ چونکہ عمومی طور پر محض ایک ماڈل اور ڈیٹا سیٹ کا نتیجہ طویل مدتی پیشین گوئی کے لیے قابل اعتماد نہیں سمجھا جاتا، اس لیے مزید اطمینان اور بہتری کے لیے مختلف اداروں کے تیار کردہ ماڈلز اور موسمی ریکارڈ کو مختلف شرائط کے ساتھ استعمال کیا جارہا ہے۔ فی الوقت تیرہ ماڈل سے اخذ کئے گئے مجموعی نتائج کو موسمی پیشین گوئیوں کے لیے اپنایا گیا ہے۔

## بارش کے لحاظ سے متوقع موسمی صوتحال


متوقع بارش (جنوری تا مارچ ۲۰۲۵)




متوقع بارش کا معمول سے فرق (جنوری تا مارچ ۲۰۲۵)





متوقع بارش کا معمول سے فرق (جنوری ۲۰۲۵)




متوقع بارش کا معمول سے فرق (فروری ۲۰۲۵)




متوقع بارش کا معمول سے فرق (مارچ ۲۰۲۵)




مجموعی طور پر ماہ جنوری سے مارچ ۲۰۲۵ کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں معمول کے مطابق اور معمول سے زیادہ بارشوں اور پہاڑوں پر برفباری کی توقع ہے۔ تاہم سندھ کے مغربی حصے اور بلوچستان کے مغربی/جنوبی علاقوں میں معمول سے کم بارشیں متوقع ہیں۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## ماہانہ امکانات (بارش)


- ماہ جنوری 2025 کے دوران ملک کے بیشتر حصوں میں معمول کے مطابق اور معمول سے زیادہ بارش اور پہاڑوں پر برفباری کا امکان ہے۔ تاہم سندھ کے مغربی حصوں اور بلوچستان کے جنوبی میں معمول کے مطابق اور معمول سے کم بارش متوقع ہے۔
- ماہ فروری 2025 کے دوران ملک بھر میں معمول کے مطابق اور معمول سے کم بارش اور پہاڑوں پر برفباری کی توقع ہے۔ جبکہ پنجاب اور اس کے گردونواح سندھ اور خیبر پختونخوا کے علاقوں میں معمول سے زیادہ بارش کی پیشگوئی۔
- ماہ مارچ میں ملک بھر میں معمول کے مطابق اور معمول سے کم بارش اور پہاڑوں پر برفباری کا امکان ہے۔ جبکہ پنجاب کے مغربی حصوں اور اس کے کچھ ملحقہ علاقوں بالائی سندھ، خیبر پختونخوااور شمال مشرقی بلوچستان میں معمول سے زیادہ بارش کی توقع ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## درجہ حرارت کے لحاظ سے موسمی صوتحال


**متوقع درجہ حرارت (جنوری تا مارچ ۲۰۲۵)**





**متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (جنوری تا مارچ ۲۰۲۵)**





**متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (جنوری ۲۰۲۵)**



**متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (فروری ۲۰۲۵)**



**متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (مارچ ۲۰۲۵)**



اگلے تین ماہ (جنوری تا مارچ 2025) کے دوران ملک کے بیشتر حصوں میں اوسط درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہنے کا امکان ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## ماہانہ امکانات (درجہ حرارت)

- ماہ جنوری 2025 کے دوران ملک کے بیشتر حصوں میں اوسط درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہنے کا امکان ہے۔
- فروری اور مارچ کے مہینوں میں ملک کے بیشتر حصوں میں معمول کے مطابق اور معمول سے زیادہ درجہ حرارت متوقع ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## حالیہ اور متوقع موسمی حالات کی بنیاد پر کسانوں کے لیے سفارشات

- ملک کے بیشتر حصوں میں مون سون کے بعد کے مہینوں (ستمبر تا دسمبر) میں زیادہ تر خشک موسم/معمول سے کم بارش ریکارڈ کی گئی۔تاہم اگلے تین مہینوں (جنوری سے مارچ) کے دوران بارشوں کی پیشگوئی کے باعث مٹی کی نمی میں کچھ حد تک بہتری آنے کا امکان ہے۔
- ملک کے بیشتر حصوں میں اس دوران اوسط روزانہ درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہنے کا امکان ہے۔تاہم اگلے تین مہینوں کے دوران درجہ حرارت میں بتدریج موسمی تبدیلی، ملک کے بیشتر حصوں بالخصوص بالائی علاقوں میں معمول سے کم بارشیں اور پہاڑوں پر برفباری کا امکان ہے۔
- آئندہ مہینوں میں معمول سے زیادہ درجہ حرارت کے پیشِ نظر ملک کے بیشتر زرعی میدانوں میں دستیاب پانی کے ذخیرے کے معقول استعمال کی سفارش کی جاتی ہے۔